# DIGITAL ARTS URDU TEACHERS GROUP (Md.Azam.8123147719)
## SSLC ANNUAL EXAM PRATICE PAPER 2018-19
**SUB : SOCIAL SCIENCE (85-U)**

**PRACTICE PAPER - 01**

**TIME : 3 HOURS** | **NUMBER OF QUESTION : 47** | **MARKS : 80**

$10 \times 1 = 10$

I • مندرجہ ذیل سوالات کے چار ممکنہ جوابات دئیے گئے ہیں موزوں جواب کا انتخاب کیجئے

(1) • لارڈ ویلزلی کئی اعتراضات کا شکار ہوکر استعفیٰ دیکر اپنے وطن واپس لوٹ گیا

(a) مرہٹہ حکمرانوں سے لگاتار شکست سے ذلت کا سامنا کرنا پڑا

(b) عہد معاونت کی پالیسی ممکنہ کامیابی نہیں دے سکی

(c) انکی جنگ دوستی نے کمپنی کے قرض کو بڑھادیا

(d) عہد معاونت کی وجہ سے سپاہیوں کی بغاوت ہوئی

(2) • مندرجہ ذیل کونسا جملہ غذائی زراعت کے حقیقی معنی دیتا ہے

(a) وافر مقدار والے بارش کے علاقوں میں اور آبپاشی کے بغیر کی جانے والی زراعت

(b) فصلوں کے ساتھ ساتھ مویشی پالن بھی کیا جاتا ہے

(c) بہت کم بارش کے علاقے اور آبپاشی کے غیر سہولیاتی علاقوں میں کی جانے والی زراعت

(d) کسان اور اسکے خاندان کے گزر بسر کے لئے فصلوں کو اُگایا جاتا ہے

(3) • دیہی علاقوں کے پسماندگی کی اہم وجہ

(a) اندھے عقائد اور سست رفتار سماجی تبدیلیاں

(b) شہرکاری (Urbanization) اور بڑے پیمانے پر صنعتی ترقی

(c) ناخواندگی اور گھریلو صنعتوں کا زوال

(d) زراعت کی پسماندگی اور سست رفتار ترقی

(4) • ہندوستان نے نوآبادیات کی مخالفت کی کیونکہ ہندوستان

(a) نوآبادیت کی مخالفت کرکے آزادی حاصل کی

(b) نوآبادیت پر عمل کرتا ہے

(c) ناوابستہ تحریک پر عمل کرتا ہے حامی ہے

(d) کوئی بھی نوآبادیت ملک نہیں رکھتا

(5) • انڈین نیشنل کانگریس کے پہلے اجلاس / ابتدائی اجلاس کا اہم مقصد

(a) مکمل آزادی کا حصول (b) ہندوستانیوں کے سیاسی حقوق کا تحفظ

(c) قومی یکجہتی کا حصول اور نشونما (d) ہندوستانیوں کو دستوری حقوق / قانون سازی کے حقوق دلوانا

(6) • آفاقیت کی وجہ سے دنیا کے ممالک کے مابین اقتصادی انحصار پیدا ہو کر ممالک کے درمیان سماجی و سیاسی تال میل پیدا ہونا ممکن ہوتا ہے کیونکہ آفاقیت کی وجہ سے دنیا کے ممالک کے مابین - - - - -

(a) فوجی معاہدے ہوتے ہیں (b) اقتصادی انحصار پیدا ہوتا ہے (c) تجارتی معاہدے طے ہوتے ہیں (d) سیاسی انحصار پیدا ہوتا ہے

(7) • اڑیسہ کے برقی توانائی پیدا کرنے کے اہم مراکز

(a) میسور - پاٹیکرا - پیانازم - پیریار (b) کوئنا - کوئیولی - بھیرا - بھیوپوری

(c) ہیراکڈ - بھیم گڑھ - بالی میلا - ریگالی (d) نظام ساگر - ناگارجن ساگر - سیلرو - سیلم

(8) • تنظیم اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے مستقل ممبر ممالک

(a) امریکہ - ہندوستان - پاکستان - سری لنکا - چین (b) امریکہ - انگلینڈ - روس - فرانس - چین

(c) امریکہ - انگلینڈ - روس - فرانس - بنگلہ دیش (d) امریکہ - روس - چین - ہندوستان - نیپال

(9) • 1925ء میں پیریار سوامی کی جاری کردہ " آتما گورو " تحریک مندرجہ ذیل میں سے کس تحریک کا ایک حصہ مانا جاتا ہے

(a) چھوت چھات مخالف تحریک (b) نشیلی چیزوں کے مخالف تحریک

(c) ماحول کی حفاظت کی تحریک (d) عورتوں کے استحصال کے خلاف تحریک

(10) • یوروپی ممالک میں شدید مقابلہ پیدا کرنے والے اہم عناصر

(a) صنعتی انقلاب اور جدید دریافتیں (b) نشاۃ الثانیہ اور مذہبی اصلاحی تحریک

(c) جغرافیائی کھوج اور مذہبی اصلاحی تحریکات (d) نشاۃ الثانیہ اور سامراجیت

---

II درجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے 14x1=14

(11) • لارڈ ویلزلی عہد معاونت جاری کرنے کی اہم وجہ کیا تھی ؟

(12) • کسطرح کہہ سکتے ہیں کہ 1909ء کا انڈین کونسل ایکٹ ہندوستان کو فرقوں کی بنیاد پر تقسیم کیا ؟

(13) • 1857ء کی جنگ آزادی کا فوری سبب کیا تھا ؟

(14) • پورٹو نو آجنگ کا کیا نتیجہ برآمد ہوا

(15) • ہندوستانی انگریزوں کے خلاف شدید ردِ عمل ظاہر کرنے لگے کیوں ؟

(16) • دستور ہند کی دفعہ 51 کسطرح کی خارجہ پالیسی ظاہر کرتی ہے

(17) • سماجی عدم مساوات کو کسطرح سمجھایا جاسکتا ہے

(18) • چپکو تحریک کا اہم مقصد کیا ہے ؟

(19) • قابل کاشت غیر استعمال شدہ زمین کیسے وجود میں آتی ہے ؟

(20) • بنگلور کو ہندوستان کا سلیکان وادی یا شہر کہا جاتا ہے ؟

(21) • آبادی کی کثافت سے کیا مراد ہے ؟

(22) • 1901ء سے 1921ء کے درمیان ہندوستان کی آبادی کی شرح ترقی کی رفتار دھیمی تھی کیوں ؟

Prepared by Zohra Khanum

(23) • افراطِ زر Inflation کسطرح پیدا ہوتا ھے ؟

(24) • آفاقیت کی وجہ سے لوگوں / صارفین کی چیزوں کو پسند چننے میں وسعت ہوگئی ھے ؟

15x2=30

III • حسب ذیل سوالات کے جوابات 2 سے 4 جملوں میں لکھئے

(25) • انگریزوں نے میر قاسم کو بنگال کے نواب کے عہدے سے برطرف کردیا کیوں ؟

(26) • تھیوسوفیکل سوسائٹی کے اصلاحات کو ہندو مذہب کے دوبارہ جنم لینے والی تحریک کہا جاتا ھے کیوں ؟

(27) • 1857ء بغاوت کے انتظامی اسباب کونسے تھے ؟

(28) • ریاست حیدرآباد کو کسطرح ہند یونین میں شامل کیا گیا ؟

یا

پانڈیچری فرانسیسوں کے قبضے سے کسطرح آزاد ہوا ؟

(29) • فسطائیت نظریات بیان کرو

(30) • ہندوستان اور چین کے حالات میں سدھار لانے کے لئے پھر سے کونسے اقدامات اُٹھائے گئے ہیں ؟

(31) • ترقی پذیر ممالک کے لئے غیر ملکی معاشی تعاون ضروری ھے کیوں ؟

(32) • بچہ مزدوری ایک سماجی برائی ہے کیسے وضاحت کرو

(33) • مشرقی گھاٹ اور مغربی گھاٹ میں فرق لکھئے

(34) • ہندوستان کی آب ایک علاقے سے دوسرے علاقے کو مختلف ہے کیوں ؟

(35) • جنگلات کے تحفظ کے لئے کون کونسے اقدامات اُٹھائے گئے ہیں ؟

(36) • ہندوستان میں آبپاشی کی اشد ضرورت ہے کیوں ؟

(37) • ہندوستانی نقل وحمل میں پائپ لائنوں کی اہمیت بیان کرو ؟

(38) • ہندوستان میں انسانی ترقی انڈیکس میں کمی کے وجوہات کون کونسے ہیں ؟

(39) • قانون تحفظ صارفین کسطرح کی دلچسپی کا تحفظ کرتا ھے ۔

6x3=18

IV • حسب ذیل سوالات کے جوابات 5 تا 6 جملوں میں لکھئے

(40) • ایسٹ انڈیا کمپنی کے تحت وجود میں آنے والے عدالتی نظام کی وضاحت کیجئے ؟

یا

~~(41)~~

انگریزوں کے خلاف ڈھونڈیا واگ کی بغاوت کا حال لکھئے

(41) • فرقہ واریت کے مضر اثرات کون کونسے ہیں اِسکو روکنے کے لئے کون کونسے احتیاطی تدابیر اپنائے گئے ہیں ؟

یا

UNO کے سماجی ومعاشی کارنامے بیان کیجئے

(42) • چھوت چھات کے خاتمے کے لئے کون کونسے دستوری اقدامات اُٹھائے گئے ہیں؟

یا

غیر منظم مزدور کے خصوصیات بیان کیجئے

(43) • صنعتوں کے قیام کے جائے وقوع پر اثر انداز ہونے والے عوامل کونسے ہیں؟

یا

زلزلے کے اسباب / وجوہات لکھئے

(44) • آر-بی-آئی RBI کے قرض پر کنٹرول کرنے والے اقدامات کے متعلق لکھو

یا

عوامی اخراجات میں اِضافہ کے وجوہات بیان کیجئے

(45) • ڈاک گھر بہت سے مالی خدمات انجام دے رہے ہیں اِسی بات کی وضاحت کیجئے

یا

معاشی ترقی میں صنعتیں کاربہت ہی اہم رول ادا کرتے ہیں کیسے وضاحت کیجئے

V • حسبِ ذیل سوالات کے جوابات (تفصیلی) لکھئے — 1×4=04

(46) • ہندوستان کی تحریکِ آزادی میں عدم تعاون تحریک کے کارناموں کی وضاحت کیجئے

VI • ہندوستان کا نقشہ نکال کر مندرجہ ذیل کی نشاندہی کیجئے — 1+3=4

(47) • a) $23\frac{1}{2}^{\circ}$ شمالی عرض البلد

b) نہرا شیوا

c) رانی گنج